Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

# مریم اورنگزیب اور شازیہ مری کے بیان پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

سیاست کے لبادے میں مقتدرہ کی کنیزوں کو پھر سے آئین، قانون اور جمہوریت کا سبق پڑھانا پڑے گا،

بوٹ چاٹنے کی بجائے ووٹ کے جمہوری راستے سے اقتدار تک پہنچتی تو پرامن احتجاج کے بنیادی آئینی و سیاسی حق کے خلاف ہرزہ سرائی سے باز رہتیں، ترجمان تحریک انصاف

ان کی نوکریاں دستور اور جمہوریت کی موت سے وابستہ ہیں ترجمان تحریک انصاف

جانتی ہیں کہ جب بھی عوام کا چوری شدہ مینڈیٹ واپس کرنا پڑا انہیں بے روزگاری کاٹنا ہوگی،

پرامن احتجاج سے نہیں ملک و قوم کو اصل خطرہ مینڈیٹ چوروں کی شکل میں قوم پر مسلط شدہ لعنت زدہ سرکار سے ہے، ترجمان تحریک انصاف

نااہل، نکمے اور مجرم پیشہ گروہوں پر مشتمل سرکار عوام پر انتظامی وبال نازل کرنے کے موجب بن رہے ہیں، ت

یہ سازشی ٹولہ دراصل پی ٹی آئی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خوفزدہ ہے جو ملک کی سب سے بڑی پارلیمانی جماعت بن چکی ہے، ترجمان تحریک انصاف

شریف اور زرداری سلطنت کے درباری اپنے کرپٹ قائدین کی ایما پر عوام کو دھمکانے کی بجائے عوام کی فلاح و بہبود کی کوئی حکمت عملی سامنے لائیں تو شاید عوامی غیظ و غضب سے بچ سکیں، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان کی باشعور قوم مزید کسی بھی اوچھے ہتھکنڈوں یا گیدڑ بھبکیوں سے خوفزدہ ہو کر اپنے حقوق کی جدوجہد سے ہرگز پیچھے نہیں ہٹے گی، ترجمان تحریک انصاف

قوم سے اپیل ہے کہ 24 نومبر کو اپنے اور اپنے بچوں کے مستقبل کی خاطر باہر نکل کر ثابت کرے کہ انہیں یہ غلامی کسی صورت قبول نہیں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ